NHS

طبی دواساز کیا ہے؟

Urdu

طبی دوا ساز انتہائی مستند صحت کے پیشہ ور افراد ہوتے ہیں جو ادویات میں ماہرین بننے کے لئے اور وہ کیسے کام کرتے ہیں کے لیے کئی سالوں تک تربیت حاصل کرتے ہیں۔

اِس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ آپ کی ادویات آپ کو رو بصحت کرنے اور صحتمند رہنے میں مدد دیں، وہ بطور علاج کرنے والے ڈاکٹروں کی ٹیم، براہ راست آپ کے ساتھ کام کرسکتے ہیں۔

علاج کرنے والے ڈاکٹروں کی ٹیم میں طبی دواساز رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا آپ کی ضروریات کے مطابق علاج بہترین ماہرین کریں گے۔

تمام ادویات سازوں کا اندراج جنرل فارماسیوٹیکل کونسل ہوتا ہے۔

مزید معلومات اور کیسوں کے مطالعہ کے لئے این ایچ ایس انگلینڈ پر یہاں جائیں

www.england.nhs.uk/commissioning/primary-care-comm/gp-action-plan/cp-gp-pilot

رائل فارماسیوٹیکل سوسائٹی کے لئے یہاں جائیں

www.rpharms.com/our-campaigns/pharmacists-and-gp-surgeries

تصاویر سیٹلائٹ پکچرز اور اولڈ سکول سرجری، برسٹل کی وساطت سے مہیا کی گئی ہیں۔

2904815

میں کب کسی طبی دوا ساز سے ملوں گا/گی؟

آپ اُس وقت طبی ادویہ ساز سے ملیں گے جب آپ کو اپنی دواؤں کے بارے میں ماہرانہ مشورہ درکار ہو گا۔

اگر آپ کی حالت کو تشخیص کی ضرورت ہوئی تو عام طور پر آپ پہلے کسی جی پی کے پاس جائیں گے، جو بعد میں ہو سکتا ہے کہ آپ پریکٹس نرس یا طبی ادویہ ساز کے پاس بھیج دے۔

نیچے چند مثالیں دی ہوئی ہیں کہ طبی ادویہ ساز کیسے مدد کرسکتا ہے:

طویل المدتی بیماریاں

اگر آپ ایسی بیماریوں میں مبتلا ہوں جیسے دمہ، ٹائپ ٹو ذیابیطس، گینٹھیا یا بلند فشارِ خون، تو طبی ادویہ ساز اُن دواؤں کے بارے میں بات کرے گا جو لے رہے ہیں تاکہ یقینی بنایا جاسکے کہ وہ آپ کے لئے کام کررہی ہیں۔ بیماری کو قابو میں رکھنے کے لئے اپنی طرزِ زندگی میں تبدیلیاں لانے کے لئے بھی وہ آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔

ذیلی اثرات محسوس ہونا

اگر آپ کو اپنی ادویات کی وجہ سے ذیلی اثرات کا سامنا ہے، تو آپ اور طبی ادویہ ساز اِس پر بات کرسکتے ہیں اور مل کر حل تلاش کرسکتے، جیسے آپ کی دوا یا مقدار کو تبدیل کرنا۔

اگر آپ مختلف قسم کی کئی ادویات لے رہے ہوں، تو طبی ادویہ ساز اِس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرسکتا ہے کہ وہ سب مل کر اچھے طریقے سے کام کریں۔

آپ کی ادویات پر نظرِ ثانی

اگر آپ طویل مدت تک ادویات لے رہے ہوں، تو سال میں کم سے کم ایک بار نظرِ ثانی کے لئے آپ سے ملاقات کی جانی چاہیے۔

طبی ادویہ ساز آپ کی تمام دواؤں پر نظرِ ثانی کرسکتا ہے، آپ سے بات کرسکتا ہے کہ یہ کیسے آپ کے لئے کام کررہی ہیں اور صحت کے معائنہ جات کرسکتا ہے، جیسے آپ کے فشارِ خون کی پیمائش۔ وہ آپ کے لئے خون یا دوسرے ٹیسٹوں کا بندوبست بھی کرسکتے ہیں۔

ہسپتال میں قیام کے بعد

اگر ہسپتال میں قیام کے دوران آپ کی دوائیں تبدیل کر دی گئی ہیں، تو طبی دوا ساز اِن تبدیلیوں کے بارے میں وضاحت کے سلسلے میں مدد کرسکتا ہے اور اِس بات کو یقینی بنا سکتا ہے کہ آپ کو اِس کا زیادہ سے زیادہ فائدہ ہو۔

عام بیماریاں

اگر آپ عام بیماریوں جیسے زکام، ہے فیور، پیچش یا آشوب چشم میں مبتلا ہوں، تو جی پی کی بجائے آپ طبی دوا ساز سے مل سکتے ہیں۔ ممکن ہے کہ آپ کی بیماری کے علاج کے لئے طبی دوا ساز ادویات تجویز کرسکے۔ اگر ضرورت ہو تو آپ کو ہمیشہ جی پی کے پاس بھیجا جا سکتا ہے۔

آپ کی اپائنٹمنٹس

جیسے آپ جی پی یا پریکٹس نرس سے ملتے ہیں، آپ طبی ادویہ ساز سے بھی نجی مشارتی کمرے میں ملیں گے۔

ادویہ ساز سے ملنا ڈاکٹر سے طے شدہ اپائنٹمنٹ کی جگہ نہیں لیتا۔ اگر ضرورت ہوئی تو آپ ابھی بھی جی پی سے مل سکیں گے۔

طبی ادویہ ساز آپ کو آپ کی دوائیں نہیں دے گا۔ آپ کو حسبِ معمول اپنی ادویات کمیونٹی فارمیسی یا دوائیں دینے والے ڈاکٹر سے لینا ہوں گی۔

اگر آپ کو اپنی اپائنٹمنٹ ختم کرنا یا نئے سرے سے طے کرنا درکار ہو تو برائے مہربانی سرجری کو مطلع کریں